**13.05.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................کلیم احمد

**Music**

☆ لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت ووٹنگ کا عمل جاری ہے۔

☆ آندھراپردیش اور اُڈیشہ میں اسمبلی انتخابات کیلئے بھی ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

☆ لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے چناؤ مہم زور و شور سے جاری ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ رہنما نریندرمودی بہار میں کئی ریلیاں کررہے ہیں۔

☆ سپریم کورٹ نے جھارکھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ ہیمنت سورین کو عبوری ضمانت دینے سے انکار کردیا ہے۔

☆ ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔

☆ اورIPL کرکٹ میں آج شام احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔x

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

Fourth Phas Election

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ اس مرحلے میں مختلف حلقوں سے اب تک اوسط پولنگ ہونے کی خبر ملی ہے۔ چوتھے مرحلے کے تحت 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی، 96 لوک سبھا سیٹوں کیلئے پولنگ ہو رہی ہے۔ اِن میں آندھرا پردیش کی 25 سیٹیں، تلنگانہ کی 17، اترپردیش کی 13، مہاراشٹر کی گیارہ، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کی آٹھ آٹھ، بہار کی پانچ، جھارکھنڈ اور اڈیشہ کی چار چار سیٹوں پر ووٹ ڈالے جارہے ہیں، نیز مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کی ایک سیٹ پر بھی ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوئی ہے جو شام6 بجے تک جاری رہے گی۔

انتخابی کمیشن نے کہا کہ تلنگانہ کے 17 پارلیمانی حلقوں میں سے کچھ پر پولنگ کے اوقات میں اضافہ کیا گیاہے

تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ووٹ دے سکیں۔x

Odisha Polling

لوک سبھا انتخابات کے باقی تین مرحلوں کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما مختلف ریاستوں میں جاکر اپنی اپنی پارٹی کی حمایت میں عوامی جلسے اور روڈ شو کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج بہار میں کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔ انھوں نے حاجی پور، مظفر پور اور سارَن میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ انھوں نے ریاست کے لوگوں سے کہا کہ وہ ملک کی ترقی کیلئے ووٹ دیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ RJD اور کانگریس کبھی بھی عوام کی بہبود کیلئے کام نہیں کریں گی کیونکہ وہ اپنی اگلی نسل کیلئے دولت اکٹھا کرنے میں مصروف ہیں۔ انھوں نے کہا کہ NDA سرکار کے تحت بھارتی معیشت فروغ پا رہی ہے اور روزگار کے مزید مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔

اِس سے پہلے جناب مودی نے پٹنہ سٹی میں تخت شری ہرمیندر جی پٹنہ صاحب کا دورہ کیا۔ تخت شری پٹنہ صاحب سکھ برادری کے پانچ تختوں میں سے ایک ہے۔ شام کو وزیر اعظم مودی اترپردیش کے شہر وارانسی میں ایک بڑا روڈ شو کریں گے۔ جناب مودی کل وارانسی لوک سبھا سیٹ سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے۔

اُدھر BJP کے سینئر رہنما امت شاہ آج مہاراشٹر کے دھولے اور پال گھر اضلاع میں ریلیاں کر رہے ہیں۔

کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے اترپردیش کے رائے بریلی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے وعدہ کیا کہ اگر کانگریس اور آئی این ڈی آئی اتحاد، مرکز میں برسراقتدار آتا ہے تو اُس کا پہلا کام یہ ہوگا کہ وہ غریب کسانوں کے قرضے معاف کر دے گا۔ x

Rev. Poll Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے باقی تین مرحلوں کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما مختلف ریاستوں میں جاکر اپنی اپنی پارٹی کی حمایت میں عوامی جلسے اور روڈ شو کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج بہار میں کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔ انھوں نے حاجی پور، مظفر پور اور سارَن میں جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ انھوں نے ریاست کے لوگوں سے کہا کہ وہ ملک کی ترقی کیلئے ووٹ دیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ RJD اور کانگریس کبھی بھی عوام کی بہبود کیلئے کام نہیں کریں گی کیونکہ وہ اپنی اگلی نسل کیلئے دولت اکٹھا کرنے میں مصروف ہیں۔ انھوں نے کہا کہ NDA سرکار کے تحت بھارتی معیشت فروغ پا رہی ہے اور روزگار کے مزید مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔

اِس سے پہلے جناب مودی نے پٹنہ سٹی میں تخت شری ہرمیندر جی پٹنہ صاحب کا دورہ کیا۔ تخت شری پٹنہ صاحب سکھ برادری کے پانچ تختوں میں سے ایک ہے۔ شام کو وزیر اعظم مودی اترپردیش کے شہر وارانسی میں ایک بڑا روڈ شو کریں گے۔ جناب مودی کل وارانسی لوک سبھا سیٹ سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے۔

اُدھر BJP کے سینئر رہنما امت شاہ آج مہاراشٹر کے دھولے اور پال گھر اضلاع میں ریلیاں کر رہے ہیں۔

کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے اترپردیش کے رائے بریلی میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے وعدہ کیا کہ اگر کانگریس اور آئی این ڈی آئی اتحاد، مرکز میں برسراقتدار آتا ہے تو اُس کا پہلا کام یہ ہوگا کہ وہ غریب کسانوں کے قرضے معاف کر دے گا۔ x

Amit Shah

مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر رہنما امت شاہ آج مہاراشٹر کے دُھولے اور پال گھر اضلاع میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔ دُھولے میں جناب شاہ BJP کے امیدوار سُبھاش بھامرے کی حمایت میں انتخابی مہم کررہے ہیں، جو کانگریس لیڈر شوبھا Bachhav کے خلاف چناؤ لڑرہے ہیں۔ پال گھر میں جناب شاہ BJP امیدوار ڈاکٹر ہیمتSavarawho کی حمایت میں انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔ پال گھر سیٹ درج فہرست قبائل سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کیلئے ریزرو ہے۔x

SC Hemant Soren

سپریم کورٹ نے مبینہ زمین گھپلے سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنائے جانے کے ایک معاملے میں جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کو آج عبوری ضمانت دینے سے انکار کر دیا۔ دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی جیل سے حالیہ رہائی کی مثال پیش کرتے ہوئے جناب سورین نے موجودہ لوک سبھا انتخابات میں اپنی پارٹی جھارکھنڈ مکتی مورچہ کیلئے چناؤ مہم چلانے کی غرض سے عبوری ضمانت مانگی تھی۔

جسٹس سنجیو کھنّہ اور جسٹس دیپانکر دتہ پر مشتمل ایک بینچ نے جناب سورین کی اُس عرضی کی سماعت کی، جس میں انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ کی جانب سے انہیں گرفتار کیے جانے کو چیلنج کیا گیا تھا۔ جناب سورین کو عبوری ضمانت دینے سے انکار کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے اِس معاملے کی اگلی سنوائی اِس مہینے کی 17 تاریخ کو رکھی ہے۔ x

Tamil Nadu MP Death

تمل ناڈو میں، ناگاپٹنم کے ممبر پارلیمنٹ M Selvarasau کا آج صبح سویرے چنئی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 67 برس کے تھے۔اُن کا، چنئی کے ایک اسپتال میں علاج چل رہاتھا۔

وہ چار مرتبہ لوک سبھا کے ممبر رہے اور CPI کے ایک طویل عرصے سے سینئر رکن تھے۔انہیں ناگاپٹنم سے 1989، 1996، 1998 اور 2019 میں منتخب کیا گیا تھا۔

وہ کسانوں کے معاملات میں پیش پیش رہے اور انہوں نے Delta ضلعوں تک، ریل خدمات پہنچانے میں اہم رول ادا کیا۔

انہوں نے کافی کم عمری میں ہی کمیونسٹ پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی تھی اور انہوں نے Delta ضلعوں میں بہت سی تحریکوں کی قیادت کی۔x

## CBSE-XII

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے آج 10ویں اور 12ویں کلاس کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ ایک بیان میں CBSE نے کہا ہے کہ اِس سال 87 اعشاریہ نو-آٹھ فیصد طلبا نے بورڈ امتحانات میں کامیابی حاصل کی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ گزشتہ برس کے مقابلے اِس بار پاس ہونے کا فیصد صفر اعشاریہ چھ- پانچ فیصد زیادہ ہے۔ 24 ہزار سے زیادہ طلبا نے 95 فیصد سے زیادہ نمبر حاصل کیے ہیں جبکہ ایک لاکھ 16 ہزار سے زیادہ طلبا کو 90 فیصد سے زیادہ نمبر ملے ہیں۔

لڑکیوں نے لڑکوں کے مقابلے 6 اعشاریہ چار-صفر فیصد زیادہ نمبر حاصل کیے ہیں۔ بورڈ نے 10 ویں کلاس کے نتائج کا اعلان بھی ویب سائٹ www.cbseresults.nic.in، www.cbse.gov.in اورڈیجی لاکر اور Umang Apps پر کر دیا ہے۔x

## Rev...IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمہ نے آئندہ چار سے پانچ دنوں کے دوران شمال مغربی اور وسطی بھارت میں درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔ راجستھان سمیت اِس خطے میں اِس ماہ کی 16 تاریخ سے گرمی کی شدت میں اضافہ ہونے کا قوی امکان ہے۔

آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں آر کے جینا منی نے کہا کہ آج جن مقامات پر وونگ ہورہی ہے، وہاں زیادہ گرمی نہیں ہے۔ آندھراپردیش، تلنگانہ، مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، بہار، جھارکھنڈ اور جنوبی اُڈیشہ میں درجۂ حرارت معمول پر ہے۔

جناب جینا منی نے مزید کہا کہ تلنگانہ، مغربی بنگال اور شمالی آندھراپردیش میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

تمل ناڈو اور کیرالہ سمیت جنوب مشرقی جزیرہ نما بھارت کے حصوں اور مغربی بنگال میں شدید بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا بھی قوی امکان ہے۔x

Russia Defence Minister

روسی صدر ولادیمیرپتن نے، سابق نائب وزیراعظم Andrei Belousov کا نام، ملک کے نئے وزیردفاع کے طور پر تجویز کیاہے۔ابھی تک اِس عہدے پر اُن کے دیرینہ حامی Sergei shoigu فائز تھے۔

جناب Belousov ایک ماہرِ اقتصادیات ہیں اور انہیں فوج کا مختصر تجربہ بھی حاصل ہے۔ جناب پتن، جناب Shoigu کو روس کی طاقتور سلامتی کونسل کا سکریٹری بنانا چاہتے ہیں، جہاں فی الحال Nikolai Patrushev فائز ہیں۔جناب پتن جناب Shoigu کو فوج کے صنعتی کمپلیکس کی ذمہ داریاں بھی سونپنا چاہتے ہیں۔

کریملن کے ترجمان Dmitry Peskov نے بتایا کہ اس تبدیلی کی یہ وجہ ہے کہ روس کی وہ صورتحال ہوتی جارہی ہے جو 1980 کے دہائی کے وسط میں سوویت یونین کی تھی،جب فوج اور قانون نافذ کرنے والے حکام، مجموعی گھریلو پیداوار سات اعشاریہ چار فیصد کے ذمہ دار تھے۔

پیسکوف نے بتایا کہ جناب پتن، وزارت دفاع میں ایک سول ماہر اقتصادیات کو مقرر کرنا چاہتے ہیں، جو اس بات کی یقین دہانی کیلئے ضروری ہے کہ ملک کے دفاعی اخراجات، ملک کی مجموعی معیشت کے مطابق ہوں۔x

Earthquake Mexico

میکسیکو اور گوٹے مالا کے درمیان سرحدی علاقے میں کل چھ اعشاریہ چارشدت کے زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کئے گئے جس کی وجہ سے لوگ گھروں سے نکل کر سڑکوں پر آگئے۔ یہ زلزلہ 75 کلومیٹر کی گہرائی پر مرکوز تھا۔یہ زلزلہ میکسیکو کے سرحدی قصبہ Suchiateکے نزدیک مقامی وقت کے مطابق صبح 6 بجے سے پہلے محسوس کیا گیا، جہاں اسی نام کی ایک ندی دونوں ملکوں کو تقسیم کرتی ہے۔x

IPL Cricket

IPL کرکٹ میں آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کامقابلہ کولکاتہ نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ KKRنے ہفتے کوممبئی انڈینس کو آسانی سے ہرا دیا تھا۔ اس طرح سے پلے آف میں پہنچنے والی یہ پہلی ٹیم بن گئی ہے۔

اِس دوران کل رات بنگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرز بینگلورو نے Delhi Capitals کو 47

رن سے ہراکر Playoff کے لیے اپنی امیدیں برقرار رکھی ہیں۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے RCB نے 20 اوورز میں 9 وکٹ کے نقصان پر 187 رن بنائے تھے۔ اِس جیت کے ساتھ آر سی بی پوائنٹس ٹیبل میں پانچویں مقام پر پہنچ گئی ہے، جبکہ ڈیلی کیپیٹلس چھٹے مقام پر آ گئی ہے۔

ایک دیگر میچ میں چنئی سپر کنگس نے راجستھان رائلز پر پانچ وکٹ سے جیت حاصل کی۔x

[Six Quota]

پیرس اولمپک 2024میں بھارت کے چھ پہلوانوں نے اپنی جگہ بنالی ہے، جن میں پانچ خواتین شامل ہیں۔ ترکی کے شہر استنبول میں عالمی اولمپک کُشتی کوالیفائرز میں امن سہراوت اور Nisha Dahiya کی کامیابی کے بعد، پیرس اولمپک 2024 میں بھارت کے پہلوانوں کی تعداد اب چھ تک پہنچ گئی ہے۔

اس سے پہلے ونیش پھوگاٹ نے 50 کلوگرام زمرے، Antim Panghal نے 53 کلوگرام، انشوملک نے 57 کلوگرام اور ریتکا ہڈا نے 76 کلوگرام زمرے میں پیرس کھیلوں کیلئے کوالیفائی کرلیا تھا۔

پہلوانوں کیلئے استنبول میں جاری یہ مقابلہ پیرس اولمپک کیلئے حتمی کوالیفائنگ مقابلہ تھا۔×

☆☆☆☆